## قائدتحریک الطاف حسین نے آج تک آئی ایس آئی یا کسی بھی سرکاری ایجنسی سے ایک پائی بھی نہیں لی۔ترجمان متحدہ قومی موومنٹ

## قائدتحریک الطاف حسین پر ایسا بیہودہ اور شرمناک بہتان لگانا اس صدی کا سب سے بڑا جھوٹ ہے

## مذکورہ ایجنسی کی جانب سے قائدتحریک الطاف حسین کو رقم بھیجی گئی تھی لیکن انہوں نے پیسے لینے سے صاف انکار کردیا جسکے

## گواہ پیسے لیکر آنے والے بریگیڈیئر حامد اور اس وقت کے آرمی چیف جنرل ریٹائرڈ اسلم بیگ خود ہیں

کراچی۔۔۔۔ 26 جنوری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے ترجمان نے واضح اور دوٹوک الفاظ میں کہا ہے کہ قائدتحریک الطاف حسین نے آج تک آئی ایس آئی یا کسی بھی سرکاری ایجنسی سے ایک پائی بھی نہیں لی اوران پر ایسا بیہودہ اور شرمناک بہتان لگانا اس صدی کا سب سے بڑا جھوٹ ہے۔اپنے ایک بیان میں ترجمان نے کہا کہ بعض عناصر یہ بہتان لگارہے ہیں کہ 1990ء میں الیکشن کے موقع پر آئی ایس آئی کی جانب سے سیاستدانوں اور صحافیوں میں رقوم تقسیم کی گئیں ان میں ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کا نام بھی شامل ہے۔ترجمان نے کہا کہ یہ سراسر جھوٹ اور بہتان ہے جس میں کوئی حقیقت نہیں۔حقیقت تو یہ ہے کہ 1990ء میں الیکشن کے موقع پر آئی ایس آئی کی جانب سے سیاستدانوں اور صحافیوں میں رقوم تقسیم کی گئیں تو مذکورہ ایجنسی کی جانب سے قائدتحریک الطاف حسین کو بھی رقم بھیجی گئی لیکن قائدتحریک الطاف حسین نے پیسے لینے سے صاف انکار کردیا جس کے گواہ پیسے لیکر آنے والے بریگیڈیئر حامد اور اس وقت کے آرمی چیف جنرل ریٹائرڈ اسلم بیگ خود ہیں۔جب 1996ء میں یہ معاملہ قومی اسمبلی میں اٹھا تو اس وقت کے وزیر داخلہ نصیر اللہ بابر نے قومی اسمبلی کے ایوان میں 1990ء کے ڈائریکٹر جنرل آئی ایس آئی جنرل اسد درانی کا حلفیہ بیان پیش کیا جس میں آئی ایس آئی سے رقوم لینے والے سیاستدانوں اور صحافیوں کی فہرست شامل تھی جس میں سیاستدانوں کے نام کے ساتھ رقم کی تفصیل بھی درج تھی لیکن اس لسٹ میں قائدتحریک الطاف حسین کا نام شامل نہیں تھا البتہ پاکستان کے سینئر صحافی ''الطاف حسن قریشی'' کا نام ضرور شامل تھا۔سابق ڈائریکٹر جنرل آئی ایس آئی جنرل اسد درانی کی جانب سے پیش کی جانے والی یہ حلفیہ فہرست ایئر مارشل اصغرخان کی پٹیشن میں آج بھی سپریم کورٹ کے ریکارڈ کا حصہ ہے۔ترجمان نے کہا کہ بعض عناصر کی جانب سے اس معاملہ میں قائدتحریک الطاف حسین کا نام لینا حقائق کو مسخ کرنے اور ملک کے عوام کو گمراہ کرنے کی انتہائی بھونڈی کوشش ہے۔ترجمان نے کہا کہ 1988ء میں آئی جے آئی کی تشکیل کے وقت بھی آئی ایس آئی کی جانب سے بریگیڈیئر امتیاز ایک بھاری رقم قائدتحریک الطاف حسین کے پاس لیکر آئے تھے لیکن قائدتحریک الطاف حسین نے اس وقت بھی اپنے ضمیر کا سودا نہیں کیا تھا اور وہ رقم لینے سے صاف انکار کردیا تھا۔اس بات کی گواہی خود بریگیڈیئر امتیاز کچھ عرصہ قبل میڈیا پر اپنے کئی انٹرویوز میں تفصیل سے دے چکے ہیں۔ترجمان نے کہا کہ قائدتحریک الطاف حسین کا سب سے بڑا جرم ہی یہ ہے کہ انہوں نے سرکاری ایجنسیوں کے ہاتھوں اپنے ظرف وضمیر کا سودا نہیں کیا جس کی پاداش میں ہرطرح کے الزامات اور جھوٹے مقدمات کا سامنا کیا اور قیدو بند اور جلاوطنی کی صعوبتیں برداشت کیں۔اگر قائدتحریک الطاف حسین نے بھی ملک میں بہتی گنگا میں ہاتھ دھوئے ہوتے تو آج انکے بھی ہرشہر میں بڑے بڑے محلات، جاگیریں اور جائیدادیں ہوتیں۔

## ایم کیوایم سندھ کی تقسیم نہیں چاہتی،ہم سب مل کر سندھ دھرتی کی حفاظت کریں گے،الطاف حسین

## نام نہاد قوم پرست سندھ دشمنوں کے اشارے پر سندھ دھرتی کے مستقل باشندوں کو آپس میں لڑانا چاہتے ہیں

## 27،جنوری کا جلسہ عام سندھ اور پاکستان دشمنوں اور قوم پرستوں کے تابوت میں آخری کیل ثابت ہوگا

## سکھر کے عوام 27،جنوری کو ریلوے گراؤنڈ میں منعقد ہونے والے جلسہ عام میں بھرپور شرکت کریں

## سکھر میں ایم کیوایم کے ذمہ داران اور کارکنان سے ٹیلی فون پر بات چیت

لندن۔۔۔26،جنوری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ 27،جنوری کو سکھر میں ہونے والے جلسہ عام میں اہم انکشافات اور اعلانات کئے جائیں گے اور یہ جلسہ عام سندھ دشمنوں، پاکستان دشمنوں اور نام نہاد قوم پرستوں کے تابوت میں آخری کیل ثابت ہوگا۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایم کیوایم سکھر زونل آفس میں مختلف شعبہ جات کے ذمہ داران سے ٹیلی فون پر بات چیت کرتے ہوئے کیا۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ''خوشحال سندھ،مضبوط پاکستان'' کے عنوان سے جلسہ عام نہ صرف تاریخ ساز ہوگا بلکہ یہ جلسہ

عام پاکستان اورسندھ دشمنوں خصوصاً نام نہادقوم پرستوں کے تابوت میں آخری کیل بھی ثابت ہوگا۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم کا حق پرستانہ پیغام سندھ کے گوشے گوشے میں پھیل رہا ہے،سندھ میں مستقل آباد مختلف قومیتوں کے درمیان بھائی چارے کی فضاءفروغ پارہی ہے اور سندھ کے عوام میں شعوری بیداری تیزی سے پھیل رہی ہے جس سے نام نہادقوم پرستوں کی راتوں کی نیندیں حرام ہوگئی ہیں۔یہی وجہ ہے کہ یہ مفاد پرست عناصر سندھی بولنے والے سندھیوں کوگمراہ کرنے کیلئے منفی پروپیگنڈہ کررہے ہیں کہ ایم کیوایم 20ویں آئینی ترمیم کی قرارداد پیش کرکے سندھ کی تقسیم کی سازش کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ میں سندھ کے مستقل باشندوں بالخصوص سندھی بولنے والے سندھیوں کو یقین دلاتا ہوں کہ ایم کیوایم سندھ کی تقسیم نہیں چاہتی،الطاف حسین سندھ دھرتی کا وفادار بیٹا ہے۔سندھی اور اردو بولنے والے سندھیوں اور دیگر زبانیں بولنے والے سندھیوں جن کا جینا مرنا سندھ دھرتی سے وابستہ ہے وہ سب متحد ہیں اور ہم سب مل کر سندھ دھرتی کی حفاظت کریں گے۔انشاءاللہ الطاف حسین سندھ دھرتی کے عوام کو کبھی مایوس نہیں کرے گا۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ نام نہادقوم پرست سندھ دشمنوں کے اشارے پر سندھ دھرتی کے مستقل باشندوں کو آپس میں لڑانا چاہتے ہیں لیکن سندھ کے باشعور عوام اپنے اتحاد سے نام نہادقوم پرستوں کی کسی بھی سازش کو کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔انہوں نے سندھی بولنے والے کارکنان کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ کیا آپ ان جعلی اور مفاد پرست قوم پرستوں کی جھوٹی باتوں میں آئیں گے؟ جس پر سندھی بولنے والے کارکنان نے یک زبان ہوکر کہا ''ہرگز نہیں''۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم ،پاکستان میں بسنے والے غیر مسلموں کے حقوق کا احترام کرتی ہے،قائداعظم محمد علی جناح کے فرمان کے مطابق انہیں برابر کا پاکستانی سمجھتی ہے اور پاکستان میں دیگر مذاہب کے ماننے والوں کے حقوق کا اصل ضامن الطاف حسین اور ایم کیوایم ہی ہے۔انہوں نے کہا کہ 27،جنوری کو سکھر میں ہونے والے جلسہ عام میں اہم انکشافات اور اعلانات کئے جائیں گے اور یہ جلسہ عام سندھ دشمنوں ،پاکستان دشمنوں اور نام نہادقوم پرستوں کے تابوت میں آخری کیل ثابت ہوگا۔انہوں نے سکھر اور اس کے ملحقہ علاقوں کے عوام سے اپیل کی کہ وہ 27، جنوری کو ریلوے گراؤنڈ میں منعقد ہونے والے جلسہ عام میں بھرپور شرکت کریں اور مثالی اتحاد کا مظاہرہ کرتے ہوئے اس جلسہ عام کو تاریخ ساز بنائیں۔جناب الطاف حسین نے سکھر کے جلسہ عام میں دن رات محنت ولگن سے کام کرنے پر ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران ،منتخب نمائندوں ،عہدیداروں اور کارکنوں کو دل کی گہرائیوں سے زبردست خراج تحسین بھی پیش کیا۔

## سکھر کا جلسہ پاکستان کی تاریخ کا سب سے بڑا جلسہ ہونے جارہا ہے،مصطفی کمال
## ایم کیوایم کسی صورت سندھ کی تقسیم برداشت نہیں کرے گی،رضاہارون
## جلسہ عام کے سلسلے میں یوسی 4اور یوسی B-11میں منعقدہ بڑی کارنر میٹنگوں سے خطاب

سکھر۔۔۔26،جنوری2012ء

ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن مصطفی کمال اور رضاہارون نے کہا ہے کہ 27 جنوری کو سکھر میں ہونے والا جلسہ عام جب دنیا دیکھے گی تو پاکستان کی تاریخ میں ہونے والے تمام جلسے چھوٹی چھوٹی میٹنگیں لگیں گی ،سکھر کا جلسہ پاکستان کی تاریخ کا سب سے بڑا جلسہ ہونے جارہا ہے اور قائدتحریک جناب الطاف حسین نے پاکستان کے عوام اور سیاستدانوں کو پیغام دینے کیلئے سکھر اور اس کے عوام کا انتخاب کیا ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ریلوے اسٹیشن گراؤنڈز دایوب گیٹ پر 27جنوری کو ہونے والے جلسہ عام ''خوشحال سندھ،مضبوط پاکستان'' کے سلسلے میں یوسی 4اور یوسی B-11میں منعقدہ علیحدہ علیحدہ کارنر میٹنگوں سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر حق پرست رکن قومی اسمبلی ساجد احمد،ایم کیوایم سکھر زون کے زونل انچارج قطب الدین ،جوائنٹ زونل انچارج گلفام احمد،متحدہ سوشل فورم کے رکن منور چوہان ،اے پی ایم ایس او کی مرکزی کمیٹی کے رکن شبیر علی بابر بھی موجود تھے۔ مصطفی کمال نے اپنے خطاب میں کہا کہ پاکستان میں جتنے بھی سیاسی پنڈال سجائے جاتے ہیں ان پنڈال میں اسٹیج سے تمام سیاسی جماعتوں کے لیڈران یہ کہتے ہیں کہ ہمیں ووٹ دیکر وزیراعظم ،صدر،وزیر،ایم این ایز اور ایم پی اے بناؤ لیکن قائدتحریک جناب الطاف حسین واحد لیڈر ہیں جو اپنے اسٹیج سے عوام کو بلاکر یہ نہیں کہتے کہ الطاف حسین اور ان کے خاندانوں والوں کو ووٹ دو بلکہ وہ یہ تبلیغ کرتے ہیں کہ اپنے درمیان سے ہی لوگوں کو نکالو اور انہیں صدر،وزیراعظم ،وزیر بناؤ جب ہی ملک کے عوام کی تقدیر بدل سکتی ہے۔انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین نے اپنے پیغام کو پھیلانے کیلئے سکھر کا انتخاب کیا ہے اور اس لئے سکھر کے ذمہ داران وکارکنان کے کاندھوں پر بھاری ذمہ داری آگئی ہے۔کارنر میٹنگوں سے خطاب کرتے ہوئے رضاہارون نے کہا کہ ایم کیوایم کسی صورت سندھ کی تقسیم برداشت نہیں کرے گی ،ایم کیوایم نے 20ترمیم کے تحت قومی اسمبلی میں نئے صوبوں کی تشکیل کیلئے قرارداد پیش کردی ہے جس پر بعض سیاسی جماعتیں اور نام نہادقوم پرست رہنماء شدید تنقید اور احتجاج کررہے ہیں اور سندھ کے مستقل باشندوں کے درمیان نفرتیں اور دوریاں پیدا کرکے اتحاد کو پارہ پارہ کرنا چاہتے ہیں۔انہوں نے کارنر میٹنگوں میں شریک عوام سے اپیل کی کہ وہ جلسہ عام میں زیادہ سے تعداد میں شرکت کریں اور اسے عظیم الشان

کامیابی سے ہمکنار کرائیں۔ کارنر میٹنگ سے حق پرست رکن سندھ اسمبلی ساجد احمد نے بھی خطاب کیا۔ دریں اثناء ایم کیوایم شعبہ خواتین سکھر زون کے تحت پنو عاقل کی یوسی 36 میں خواتین کی بڑی کارنر میٹنگ منعقد ہوئی جس سے حق پرست صوبائی وزیر عبدالحسیب، ایم کیوایم تنظیمی کمیٹی کی رکن وحق پرست رکن سندھ اسمبلی محترمہ ناہید بیگم، رکن محترمہ عائشہ آفتاب اورایم کیوایم سکھر زون کے جوائنٹ انچارج شہزادہ گلفام نے خطاب کیا۔ کارنر میٹنگ میں خواتین نے ایم کیوایم کے جلسہ عام کا زبردست خیر مقدم کیا اوراس میں بھرپور شرکت کی یقین دہانی کرائی۔ کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ یہ جلسہ عام ملک بھر میں حق پرستانہ جدوجہد کی کامیابی کی نوید لیکر آئے گا اور 27 جنوری کے سورج کی کرنیں ایک صبح کا آغاز کرینگی جواس ملک کی تقدیر بدل دے گا اور جلسہ عام کی کامیابی سے مستحکم پاکستان کا آغاز ہوگا۔

## جناب الطاف حسین جمعہ 27 جنوری کو دوپہر 12 بجے ریلوے اسٹیشن گراؤنڈ سکھر میں منعقدہ عظیم الشان جلسہ عام ''خوشحال سندھ۔۔مضبوط پاکستان'' سے خطاب کریں گے

سکھر۔۔۔26، جنوری 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین 27 جنوری بروز جمعتہ المبارک کو دوپہر 12 بجے ریلوے اسٹیشن گراؤنڈ سکھر میں منعقدہ عظیم الشان جلسہ عام ''خوشحال سندھ۔۔۔مضبوط پاکستان'' سے فکر انگیز ٹیلی فونک خطاب فرمائیں گے۔ جلسہ عام کے سلسلے میں ریلوے اسٹیشن گراؤنڈ اوراس کے اطراف کے علاقے کو برقی قمقموں، ایم کیوایم کے پرچموں، قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تصاویر اورخوش آمدیدی بینروں سے سجادیا گیا ہے جس کے باعث جلسہ گاہ کی سجاوٹ عوام کی توجہ کا مرکز بنی ہوئی ہے۔ جلسہ گاہ میں اسٹیج کی تیاری کا کام مکمل کرلیا گیا اس سلسلے میں جلسہ گاہ میں ایم کیوایم کے سینکڑوں کارکنان انتظامات میں مصروف ہیں۔ جلسہ ''خوشحال سندھ مضبوط پاکستان'' کے سلسلے میں ایم کیوایم سکھر زون کی جانب سے بھرپور عوامی رابطہ مہم چلائی گئی جس کا سلسلہ ابھی تک جاری ہے، سکھر کے مختلف علاقوں سے ریلیاں نکالی گئیں جن میں ایم کیوایم کے کارکنان اورعوام نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ جلسہ عام کے لئے گھنٹہ گھر چوک، قاسم پارک، اسٹیڈیم چوک، بندھانی محلّہ، ریس کورس روڈ، ایوب گیٹ اسٹیشن روڈ پر استقبالیہ کیمپس قائم کئے گئے ہیں جہاں ایم کیوایم کے تنظیمی ترانوں اورنغموں کی ریکارڈنگ بجائی جارہی ہے جن پر کارکنان وعوام والہانہ رقص کررہے ہیں اوراپنی خوشی کا اظہار کرتے دکھائی دے رہے ہیں جبکہ ایوب گیٹ چورنگی اور قاسم پارک چورنگی پر برقی قمقموں سے کی گئی سجاوٹ نے عوام کو اپنی جانب متوجہ کررکھا ہے۔ سکھر میں ایم کیوایم کے جلسہ عام کا عوام اورمختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی جانب سے زبردست خیر مقدم کیا جارہا ہے اوراس جلسہ عام کی کامیابی کو سکھر سے ملک میں مثبت تبدیلی کی جانب اہم پیش رفت قرار دیا جارہا ہے۔ جلسہ عام کے سلسلے میں ایم کیوایم سکھر زون کے تحت یوسیوں کی سطح پر بھی ریلیاں نکالی جارہی ہیں اور سکھر بھر میں جلسہ عام ''خوشحال سندھ مضبوط پاکستان'' کے لئے کارکنان وعوام کا جوش وخروش قابل دید ہے۔

## متحدہ قومی موومنٹ کے وفد کا پریس کلب سکھر کا دورہ، صدر پریس کلب لالہ اسد پٹھان سے ملاقات
## قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر پریس کلب سکھر کے تعمیراتی کاموں کیلئے ایک لاکھ روپے فنڈ کا عطیہ دیا

سکھر:۔۔۔27، جنوری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے وفد نے جمعرات کے روز پریس کلب سکھر کا دورہ کیا اور پریس کلب کے صدر لالہ اسد پٹھان سے ملاقات کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر پریس کلب سکھر کے تعمیراتی کاموں کیلئے ایک لاکھ روپے فنڈ کا عطیہ دیا۔ وفد کے اراکین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین اشفاق منگی، جاوید کاظمی، واسع جلیل، حق پرست صوبائی وزیر عادل صدیقی، ایم کیوایم شعبہ اطلاعات کے جوائنٹ انچارج قمر منصور شامل تھے۔ اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سکھر پریس کلب نے ہمیشہ غیر جانبدارانہ طور پر آزادی صحافت کیلئے اپنا مثبت کردار ادا کیا ہے جو قابل تعریف ہے۔ انہوں نے کہا کہ اب وقت آگیا ہے کہ عوام آگے بڑھیں اور ملک سے جاگیردارانہ وڈیرانہ، سرمایہ داران نظام کیخلاف اٹھ کھڑیں ہوں اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کا ساتھ دیں۔ انہوں نے کہا کہ سکھر کے ریلوے اسٹیشن میں ہونیوالے جلسہ ''خوشحال سندھ مضبوط پاکستان'' ملک میں انقلاب کی نوید ثابت ہوگا۔ اس موقع پر سکھر پریس کلب کے صدر لالہ اسد پٹھان نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے پریس کلب کیلئے ایک لاکھ روپے عطیہ دینے پر ان کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ ایم کیوایم واحد سیاسی جماعت ہے جس نے سکھر پریس کلب کیلئے اپنا تعاون پیش کیا جو پریس کلب کیلئے قابل ستائش ہے جسے ہم کبھی فراموش نہیں کرسکتے۔

## اے پی ایم ایس او سکھر کے تحت میونسپل اسٹیڈیم میں پتنگ میلہ کا انعقاد، ایم کیو ایم کے پرچم پر مشتمل پتنگیں اڑائیں گئیں

## اسٹیڈیم کی فضا ایم کیو ایم کے پرچموں سے رنگیں ہوگئی، میلے میں رابطہ کمیٹی کے اراکین، حق پرست وزراء، ارکان اسمبلی اور دیگر نے حصہ لیا

سکھر۔۔۔26، جنوری 2012ء

27 جنوری کو سکھر کے ریلوے گراؤنڈز دایوب گیٹ پر عظیم الشان جلسہ عام ''خوشحال سندھ مضبوط پاکستان'' کے سلسلے میں آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن سکھر کے زیر اہتمام جمعرات کی شام میونسپل اسٹیڈیم میں پتنگ میلہ کا انعقاد کیا گیا۔ پتنگ میلہ میں سکھر سے تعلق رکھنے والے مختلف تعلیمی اداروں کے طلبہ نے گہری دلچسپی کا اظہار کرتے ہوئے بڑی تعداد میں شرکت کی اور پتنگ بازی میں حصہ لیا۔ پتنگ میلے میں طلبہ کی جانب سے ایم کیو ایم کے پرچم کے رنگ پر مشتمل سینکڑوں پتنگیں فضاء میں اڑائیں گئیں اس موقع پر میونسپل اسٹیڈیم کی فضا ایم کیو ایم کے پرچموں سے رنگیں ہوگئی۔ اس موقع پر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین رضا ہارون، مصطفیٰ کمال، اشفاق منگی، سلیم تاجک، توصیف خانزادہ، کنور نوید جمیل، واسع جلیل اور جاوید کاظمی کے علاوہ حق پرست وزراء، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی، ایم کیو ایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے عہدیداران، ایم کیو ایم سکھر زونل کمیٹی کے انچارج واراکین بھی موجود تھے جنہوں نے پتنگ میلے میں حصہ لیا اور طلبہ کے ساتھ ملکر پتنگیں اڑائیں۔ اس موقع پر میلے کے شرکاء کی جانب سے وقفے وقفے سے نعرہ الطاف...... جئے الطاف، نعرہ متحدہ...... جئے متحدہ، ہم نہ ہوں ہمارے بعد...... الطاف الطاف اور خوشحال سندھ مضبوط پاکستان کے فلک شگاف نعرے بھی لگائے گئے۔

## ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر انیس احمد قائم خانی نے ریلوے اسٹیشن گراؤنڈ سکھر کا دورہ کیا اور جلسہ عام کی تیاریوں کا جائزہ لیا

## سکھر کا جلسہ عام پاکستان کی مضبوطی اور استحکام کا ضامن ثابت ہوگا، انیس احمد قائم خانی کی کارکنان سے گفتگو

## اسٹیج کی تیاریوں میں مصروف کارکنان کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے زبردست خراج تحسین پیش کیا

سکھر۔۔۔26، جنوری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر انیس احمد قائم خانی نے جمعرات کی شب ریلوے اسٹیشن گراؤنڈ سکھر کا دورہ کیا اور 27 جنوری بروز جمعہ کو منعقد ہونے والے جلسہ عام ''خوشحال سندھ، مضبوط پاکستان'' کی تیاریوں کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین مصطفیٰ کمال، ڈاکٹر صغیر احمد، توصیف خانزادہ اور سلیم تاجک بھی موجود تھے۔ انیس احمد قائم خانی نے اسٹیج کی تیاریوں میں مصروف کارکنان سے ملاقات کی انہیں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ اس موقع پر کارکنان سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سکھر کا جلسہ عام ملک میں آنیوالے غریب ومتوسط طبقے کے انقلاب کا پیش خیمہ ثابت ہوگا اور جس طرح قیام پاکستان کیلئے صوبہ سندھ نے اہم کردار ادا کیا ہے اسی طرح انشاء اللہ تعالیٰ سکھر کا جلسہ عام پاکستان کی مضبوطی اور استحکام کا ضامن ثابت ہوگا۔

## جلسہ عام ''خوشحال سندھ مضبوط پاکستان'' کی کامیابی سندھ کی تقسیم کی بات کرنے والوں کیخلاف تازیانہ عبرت ہوگی، ڈاکٹر فاروق ستار

## سندھ کا قیام پاکستان سے لیکر آج تک پاکستان کے استحکام، تعمیر وترقی میں نمایاں، کلیدی اور قائدانہ کردار رہا ہے

## جو سندھ کی تقسیم کی کسی بھی پیرائے میں بات کرتا ہے، ہم اسے سندھی نہیں سمجھتے، ایسے عناصر دراصل سندھ میں قائم یکجہتی اور اتحاد کو پارہ پارہ کرنے کی سازش کررہے ہیں

## ریلوے اسٹیشن گراؤنڈ میں پرنٹ والیکٹرانک میڈیا کے نمائندگان کو جلسہ عام کے حوالے سے پریس بریفنگ

سکھر۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ 27 جنوری کو سکھر کے ریلوے اسٹیشن گراؤنڈ میں ہونے والا جلسہ عام تمام سازشوں کے خلاف ریفرنڈم ثابت ہوگا اور اس جلسہ عام کی کامیابی سندھ کی تقسیم کی بات کرنے والوں کیخلاف تازیانہ عبرت ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ سکھر میں جلسہ عام کے سلسلے میں اندرون سندھ میں جو جوش و خروش نظر آرہا ہے اس سے ثابت ہوچکا ہے کہ جلسہ عام ''خوشحال سندھ، مضبوط پاکستان'' سکھر کی تاریخ کا سب سے بڑا اور تاریخی جلسہ ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کی شام سکھر کے ریلوے اسٹیشن گراؤنڈ میں منعقدہ پرنٹ والیکٹرانک میڈیا کے نمائندگان کو جلسہ عام کے حوالے سے پریس بریفنگ دیتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر رابطہ

کمیٹی کے دیگر اراکین، حق پرست وزراء، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی، ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی اور سکھر زون کے ذمہ دار ابھی موجود تھے۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ ایم کیوایم کے جلسہ عام کا عنوان اور مقصد خوشحال سندھ، مضبوط پاکستان ہے، قائد تحریک الطاف حسین اس بات پر مکمل یقین رکھتے ہیں کہ سندھ کا قیام پاکستان سے لیکر آج تک پاکستان کے استحکام، تعمیر وترقی میں ایک نمایاں اور کلیدی کردار رہا ہے، سندھ نے ہمیشہ پاکستان کو مضبوط اور مستحکم بنانے کیلئے اپنا قائدانہ کردار ادا کیا ہے۔ آج پاکستان کو مختلف اندرونی اور بیرونی چیلنجز کا سامنا ہے تو قائد تحریک الطاف حسین یہ سمجھتے ہیں کہ سندھ کو خوشحال بنائے بغیر اور مکمل طور پر یکجہتی قائم کئے بغیر پاکستان کو مضبوط و مستحکم نہیں بنایا جاسکتا ہے اور نہ ہی پاکستان کو معاشی طور پر اپنے پیروں پر کھڑا کیا جاسکتا ہے۔ پاکستان کے قیام کیلئے بھی سب سے پہلی قرارداد سندھ اسمبلی سے پاس ہوئی جب سندھ اسمبلی سے یہ قرارداد پاس ہوئی تو پھر پاکستان کے قیام میں جتنی رکاوٹیں حائل تھیں ایک ایک کر کے وہ رکاوٹیں بھی دور ہوتی گئیں، سندھ کے کلیدی کردار کو پاکستان کے استحکام سے نظر انداز نہیں کیا جاسکتا اگر کسی سطح پر بھی سندھ کے کردار کو نظر انداز کیا گیا، صوبوں کو خودمختاری دینے کے عمل سے روکا گیا، صوبہ سندھ کو اس کے اپنے وسائل، معاملات پر فیصلہ کرنے کا حق نہ دیا گیا اور سندھ کو خوشحالی کے راستے پر چلنے سے روکا گیا تو یہ ہمارا ایمان ہے اور یقین ہے کہ اگر سندھ خوشحال نہیں ہوگا تو پاکستان کو بھی خوشحال بنانے کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہوسکتا اور کل کے جلسے کا مقصد بھی یہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ کو خوشحال بنانے کیلئے سندھ کی تمام اکائیوں کے درمیان یکجہتی پیدا کرنا ہے، قائد تحریک الطاف حسین سندھ کی خوشحالی کیلئے مختلف اکائیوں کے درمیان بھی مکمل یکجہتی قائم کرنا چاہتے ہیں، الحمدللہ ہمیں کسی سے سندھ کی تقسیم کا سرٹیفکیٹ نہیں چاہئے کیونکہ ہم کل بھی سندھ کی تقسیم کے خلاف تھے اور آئندہ بھی رہیں گے اور اس حوالے سے ہم نے سندھ اسمبلی میں ایک قرارداد پیش کرنے کی بات کی ہے تاکہ اگر کہیں پر کوئی سازش کی جارہی ہو تو ان سازشوں کے تابوت میں آخری کیل ٹھونکی جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ واضح کیا کہ مالی اور معاشی طور پر بھی استحکام کیلئے سندھ کا کردار پاکستان میں ایک ہراول دستے جیسا اور قائدانہ ہے اور ہم یہی چاہتے ہیں کہ سندھ اس کردار کو پاکستان کی قومی سیاست میں نمایاں کیا جائے، سندھ کو پاکستان میں اس کا اصل مقام دیا جائے اور سندھ کے تمام سندھی کل کے جلسے کو تاریخ ساز جلسہ بنا کر تمام سابقہ ریکارڈ توڑ کر سازشوں کا بھی ہمیشہ کیلئے خاتمہ کردیں گے۔ انہوں نے کہا کہ مختلف طرح کی الزام تراشیاں کر کے دراصل سندھ میں منافرت کو ہوا دی جاتی ہے، قائد تحریک جناب الطاف حسین سندھ میں نفرتوں کے خاتمے اور سندھ کے مستقل باشندوں کے درمیان اتحاد کیلئے گزشتہ ایک دہائی سے مصروف ہیں، ہم ان عناصر کو خبردار کرنا چاہتے ہیں جو دیواریں اور نفرتیں دوبارہ کھڑی کرنا چاہتے ہیں، قائد تحریک نے بار بار یہ کہا ہے کہ میں سندھ کا بیٹا ہوں اور سندھ دھرتی کے ساتھ ہوں، الطاف حسین اور متحدہ قومی موومنٹ کا وعدہ ہے کہ سندھ دھرتی ہماری ماں ہے اور جو سندھ کی تقسیم کی کسی بھی پیرائے میں بات کرتا ہے ہم اسے سندھی نہیں سمجھتے۔ دراصل وہ سندھ میں قائم یکجہتی اور اتحاد کو پارہ پارہ کرنے اور اس یکجہتی کو ختم کرنے کیلئے یہ سازش کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ میں 64 برس سے جن جاگیرداروں، وڈیروں نے حکمرانی قائم کر رکھی ہے او تقسیم کرو اور حکومت کرو کے فارمولے پر کسانوں، ہاریوں کا استحصال کر رہے ہیں، مزدوری اور محنت کا معاوضہ نہیں دیتے، زرعی اور زمینی اصلاحات سے مکمل گریز کر رہے ہیں کل کا جلسہ ان کیلئے بھی عوامی ریفرنڈم اور انتباہ ہوگا یہ جو انقلاب پاکستان اور سندھ کے دروازے پر دستک دے رہا ہے انقلاب کے راستے میں رکاوٹ بننے کی کوشش کرنے والے عناصر نوشتہ دیوار پڑھ لیں کہ اگر وہ رکاوٹ بنے گے تو سندھ کے مستقل باشندوں کے اتحاد کا سیلاب رکنے والا نہیں ہے اور سب کو خس وخاشاک کی طرح بہا کر لے جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ جاگیرداروں، وڈیروں، سرداروں کو اپنے استحصالی ہتھکنڈوں کو بند کرنا ہوگا، اب کسانوں، ہاریوں، بے زمین ہاریوں کو زمینیں دینا ہونگی، انہیں معاشی زرعی ترقی کے عمل میں ساتھ لیکر چلنا ہوگا اور ایک کسان، ہاری، مزدور اور ایک بے روزگار پڑھے لکھے تعلیم یافتہ سندھی کو اسمبلی میں آنے سے اور سیاسی وجمہوری کردار ادا کرنے سے جس طرح روکا جارہا ہے کل کا عوامی ریفرنڈم رکاوٹیں کھڑی کرنے والوں کیلئے ہوگا، وہ اپنی سازشوں کا سلسلہ بند کردیں اور وہ عوامی انقلاب کے آگے اپنے مذموم ارادوں اور سازشوں کو بند کر کے عوام کی حکمرانی کو تسلیم کرلیں، کل کے جلسے سے عوامی انقلاب جو قائم ہوگا وہ نہ صرف سندھ کے اقتدار بلکہ اسلام آباد کے اقتدار کے ایوانوں میں جاکر دم لے گا۔ ہمارا نعرہ یہی ہے کہ بدلو پاکستان بدلو حکمران، دو فیصد مراعات یافتہ طبقے کی حکمرانی کے دن ختم ہورہے ہیں، عوامی حکمرانی کا سورج طلوع ہورہا ہے، اب جو جمہوری معرکے ہوں گے اس میں عام پاکستانی منتخب ایوانوں میں پہنچیں گے اور آئین وقانون کی حکمرانی قائم کریں گے اور عوامی خدمت کے نئے ریکارڈ قائم کریں گے، مہنگائی، بیروزگار، لوڈشیڈنگ کا خاتمہ کریں گے، لوگوں کی عزت نفس بحال کریں گے، عزت کے ساتھ جینے اور مرنے کا حق لوٹائیں گے، ایک نئے پاکستان کی تعمیر ہوگی اور پاکستان پوری دنیا میں سندھ کی خوشحالی کے باعث مضبوط ہوگا اور پوری دنیا میں پاکستان اپنا کھویا ہوا وقار اور عزت بحال کریگا۔ اس موقع پر الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا سے تعلق رکھنے والے مختلف صحافیوں نے سوالات کئے جن کے ڈاکٹر فاروق ستار نے مدلل جوابات دیئے۔

## ایم کیوایم نوابشاہ اور کشمور زون کے تحت ’’خوشحال سندھ مضبوط پاکستان‘‘ ریلیوں کا انعقاد
## 27 جنوری کو سکھر میں جلسہ عام کے سلسلے میں عوام و کارکنان میں جوش و خروش، اندرون سندھ شہروں میں جشن کا سماں

نوابشاہ۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کے تحت 27 جنوری کو سکھر کے ریلوے اسٹیشن گراؤنڈ میں جلسہ عام ’’خوشحال سندھ مضبوط پاکستان کے انعقاد کے سلسلے میں اندرون سندھ ایم کیوایم کے تمام شہروں میں عوامی رابطہ مہم کا سلسلہ زور و شور سے جاری ہے اور اس سلسلے میں زونز کے زیر اہتمام عوامی اجتماعات منعقد کیے جا رہے ہیں اور خوشحال سندھ مضبوط پاکستان کے عنوان سے علیحدہ علیحدہ ریلیاں نکالی جا رہی ہیں جس سے سندھ بھر میں جشن کا سماں بن گیا ہے۔ جمعرات کے روز بھی ایم کیوایم نوابشاہ زون اور کشمور زون کے زیر اہتمام ذمہ داران و کارکنان نے ’’خوشحال سندھ مضبوط پاکستان‘‘ ریلیاں نکالی جس میں ایم کیوایم کی اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے ارکان، نوابشاہ اور کشمور زونل کمیٹی کے انچارج و اراکین کے علاوہ مختلف سیکٹرز اور یونٹوں کے ذمہ داران و کارکنان سمیت عوام بھی بہت بڑی تعداد شریک تھے۔ خوشحال سندھ مضبوط پاکستان ریلیاں کے شہر کے مختلف علاقوں، شاہراہوں، اہم چوراہوں اور بازاروں سے ہوتی ہوئی زون آفس پر اختتام پذیر ہوئیں ریلیوں میں سینکڑوں موٹر سائیکلیں، کاریں، سوزکیاں، چنگ چنی رکشاؤں کے علاوہ مختلف گاڑیاں شامل تھیں جن پر سوار ہزاروں شرکاء نے ہاتھوں میں جناب الطاف حسین کی تصاویر، پاکستان اور ایم کیوایم کے پرچم تھامے ہوئے تھے۔ اس موقع پر شرکاء کا جوش و خروش قابل دید تھا جو وقفے وقفے سے جناب الطاف حسین اور ایم کیوایم کے حق میں فلک شگاف نعرے بھی لگا رہے تھے جبکہ بعض کارکنان ڈھول تاشوں اور ایم کیوایم کے ترانوں کی دھنوں پر والہانہ رقص کر رہے تھے بعد ازاں ریلیاں زونل آفس پر اختتام پذیر ہوئی۔ اس موقع پر عوام نے ہاتھوں سے وکٹری کے نشان بنا کر ایم کیوایم کی ریلیوں کا خیر مقدم کیا۔

## ایبٹ آباد میں کان مزدوروں اور پشاور میں عمارت زمیں بوس ہونے سے ہلاکتوں پر حق پرست اراکین قومی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔26، جنوری 2012ء

حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے ایبٹ آباد میں لینڈ سلائیڈنگ کے باعث فاسفیٹ کی کان بیٹھنے 14 مزدور اور پشاور میں گیس لیکج کے باعث دھماکے سے عمارت منہدم ہونے کے نتیجے میں معصوم بچوں سمیت ایک ہی خاندان 7 افراد کی ہلاکت پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ عوام کی جان و مال کے تحفظ کیلئے عملی اقدام بروئے کار لائیں جائیں۔ ایک تعزیتی بیان میں اراکین قومی اسمبلی نے المناک حادثات میں ہلاک ہونیوالے تمام افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ہلاک ہونیوالے تمام افراد کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔ (آمین) حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے خیبر پختونخوا کی صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ ایبٹ آباد میں کان مزدوروں سمیت پشاور عمارت زمین بوس ہونے کا نوٹس لیا جائے اور ذمہ دار افراد کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین کی کمشنر سکھر امان اللہ دھاریجو سے ملاقات، جلسہ عام کے
## انتظامی، سیکورٹی، ٹریفک امور سمیت دیگر معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا

سکھر۔۔۔26، جنوری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے اراکین کنور نوید جمیل، توصیف خانزادہ، اشفاق منگی اور سلیم تاجک نے جمعرات کے روز کمشنر سکھر امان اللہ دھاریجو سے دفتر میں ملاقات کی اور 27، جنوری کو ریلوے اسٹیشن گراؤنڈ میں ہونیوالے ایم کیوایم کے جلسہ عا کے انتظامی، سیکورٹی امور اور دیگر معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر حق پرست صوبائی وزراء عادل صدیقی، زبیر احمد، ارکان قومی اسمبلی ڈاکٹر ایوب شیخ، ساجد احمد، حق پرست رکن سندھ اسمبلی منظر امام، ڈی سی او ٹریفک پولیس اور انتظامیہ کے اعلیٰ حکام بھی موجود تھے۔ کمشنر سکھر نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کو جلسہ عام کے انتظامی، سیکورٹی، ٹریفک کے امور سمیت تمام معاملات میں اپنے بھرپور تعاون کی یقین دہانی کرائی جس پر ایم کیوایم کے وفد نے کمشنر سکھر سے اپنی پیشہ وارانہ ذمہ داریاں مستحسن طریقے سے انجام دینے پر دلی تشکر کا اظہار بھی کیا۔

☆☆☆☆☆